روزنامہ

الفضل

C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 25 جنوری 2008ء 15 محرم 1429 ہجری 25 صلح 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 21

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

سورۃ البقرہ آیت 4 کا ذکر کرتے ہوئے حضور فرماتے ہیں۔

یہاں متقی کے لئے مما کا لفظ استعمال کیا۔ کیونکہ اس وقت وہ ایک اعمٰی کی حالت میں ہے۔ اس لئے جو کچھ خدا نے اس کو دیا، اس میں سے کچھ خدا کے نام کا دیا۔ حق یہ ہے کہ اگر وہ آنکھ رکھتا، تو دیکھ لیتا کہ اس کا کچھ بھی نہیں۔ سب کچھ خدا تعالیٰ کا ہی ہے۔ یہ ایک حجاب تھا جو اتقا میں لازمی ہے۔ اس حالت اتقا کے تقاضے نے متقی سے خدا کے دیئے میں سے کچھ دلوایا۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ایام وفات میں دریافت فرمایا کہ گھر میں کچھ ہے۔ معلوم ہوا کہ ایک دینار تھا۔ فرمایا کہ یہ سیرت یگانگت سے بعید ہے کہ ایک چیز بھی اپنے پاس رکھی جاوے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اتقا کے درجہ سے گزر کر صلاحیت تک پہنچ چکے تھے، اس لئے مما ان کی شان میں نہ آیا۔ کیونکہ وہ شخص اندھا ہے جس نے کچھ اپنے پاس رکھا اور کچھ خدا کو دیا، لیکن یہ لازمۂ متقی تھا، کیونکہ خدا کی راہ میں دینے سے بھی اسے نفس کے ساتھ جنگ تھا۔ جس کا نتیجہ یہ تھا کہ کچھ دیا اور کچھ رکھا۔ ہاں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سب کچھ خدا کی راہ میں دے دیا اور اپنے لئے کچھ نہ رکھا۔ (ملفوظات جلد اول ص 20)

اور دوسری جزو اس کی مما رزقنا ....(البقرہ:4) ہے کہ جو کچھ دے رکھا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں عام لوگ رزق سے مراد اشیاء خوردنی لیتے ہیں۔ یہ غلط ہے جو کچھ قویٰ کو دیا جاوے وہ بھی رزق ہے۔ علوم وفنون وغیرہ معارف حقائق عطا ہوتے ہیں۔ جسمانی طور پر معاش مال میں فراخی ہو۔ سب رزق ہے۔

رزق میں حکومت بھی شامل ہے اور اخلاق فاضلہ بھی رزق ہی میں داخل ہے یہاں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جو کچھ ہم نے دیا ہے اس میں خرچ کرتے ہیں یعنی روٹی میں سے روٹی دیتے ہیں۔ علم میں سے علم اور اخلاق میں سے اخلاق۔ علم کا دینا تو ظاہر ہی ہے۔

یہ یاد رکھو کہ وہی بخیل نہیں ہے جو اپنے مال میں کسی مستحق کو کچھ نہیں دیتا بلکہ وہ بھی بخیل ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے علم دیا ہو اور وہ دوسروں کو سکھانے میں مضائقہ کرے۔ محض اس لئے اپنے علوم وفنون سے کسی کو واقف نہ کرنا کہ اگر وہ سیکھ جاوے گا، تو ہماری بے قدری ہو جاوے گی یا آمدنی میں فرق آ جائے گا، شرک ہے، کیونکہ اس صورت میں وہ اس علم یا فن کو ہی اپنا رازق اور خدا سمجھتا ہے۔ اسی طرح پر جو اپنے اخلاق سے کام نہیں لیتا، وہ بھی بخیل ہے۔ اخلاق کا دینا یہی ہوتا ہے کہ جو اخلاقِ فاضلہ اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے دے رکھے ہیں، اس کی مخلوق سے ان اخلاق سے پیش آوے۔ وہ لوگ اس کے نمونہ کو دیکھ کر خود بھی اخلاق پیدا کرنے کی کوشش کریں گے۔

............اخلاق یہ ہے کہ تمام قویٰ کو جو اللہ تعالیٰ نے دیئے ہیں برمحل استعمال کیا جاوے۔ مثلاً عقل دی گئی ہے اور کوئی دوسرا شخص جس کو کسی امر میں واقفیت نہیں اس کے مشورہ کا محتاج ہے اور یہ پوری واقفیت رکھتا ہے تو اخلاق کا تقاضا یہ ہونا چاہئے کہ اپنی عقل سلیم سے اس کو پوری مدد دے اور اس کو سچا مشورہ دے۔ لوگ ان باتوں کو معمولی نظر سے دیکھتے ہیں اور کہہ دیتے ہیں کہ ہمارا کیا بگڑتا ہے۔ اس کو خراب ہونے دو۔ یہ شیطانی فعل ہے۔ انسانیت سے بعید ہے کہ وہ کسی دوسرے کو بگڑتا دیکھے اور اس کی مدد کے لئے تیار نہ ہو۔ نہیں بلکہ چاہئے کہ نہایت توجہ اور دلدہی سے اس کی بات سنے اور اپنی عقل وسمجھ سے اس کو ضروری مدد دے۔

لیکن اگر کوئی یہاں یہ اعتراض کرے کہ مما رزقنا ھم کیوں فرمایا مما کے لفظ سے بخل کی بُو آتی ہے۔ چاہئے تھا کہ ع

ہرچہ داری خرچ کُن در راہِ اُو

اصل بات یہ ہے کہ اس سے بخل ثابت نہیں ہوتا۔ قرآن شریف خدائے حکیم کا کلام ہے۔ حکمت کے معنی ہیں۔ شے را برمحل داشتن۔ پس مما رزقنا ھم میں اسی امر کی طرف اشارہ ہے کہ محل اور موقع کو دیکھ کر خرچ کرو۔ جہاں تھوڑا خرچ کرنے کی ضرورت ہے، وہاں تھوڑا خرچ کرو۔ جہاں بہت خرچ کرنے کی ضرورت ہے۔ وہاں بہت خرچ کرو۔ (ملفوظات جلد اول ص 289)

صدقہ کی اقسام

حضرت ابوذرؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

تمہارے جسم کے ہر عضو پر صبح صدقہ واجب ہوتا ہے۔ ہر تسبیح صدقہ الحمدللہ کہنا صدقہ ہے۔ لا الہ الا اللہ کہنا صدقہ ہے۔ تکبیر کہنا صدقہ ہے نیکی کا حکم دینا اور برائی سے روکنا بھی صدقہ ہے۔

(صحیح مسلم کتاب صلوٰۃ المسافرین باب استحباب صلوٰۃ الضحیٰ حدیث نمبر:1181)

نورالعین ڈینٹل سرجری

مورخہ 11 دسمبر 2007ء سے مکرمہ ڈاکٹر آصفہ حمید صاحبہ (ڈینٹل سرجن) دانتوں کی جملہ تکالیف اور ان کے علاج کیلئے نورالعین دائرۃ الخدمت الانسانیہ میں اپنی خدمات کا آغاز کر چکی ہیں۔ کلینک کا وقت صبح 8 بجے سے 1 بجے ہے اور پرچی فیس -/20 روپے ہے۔ کلینک میں روٹین ورک کے ساتھ ساتھ درج ذیل سہولیات بھی موجود ہیں۔

☆Tooth Veneers ☆ Crowns ☆Bridges ☆Root Canal Therapy ☆Withe/Coloured Tooth filling ☆Inlays/Onlays ☆Acrylic Partial Denture ☆Complete Denture ☆Cast Partial Denture ☆Impaction (Wisdom Tooth) ☆Removable Appliances ☆Myofunctional Appliances

(معتمد مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان)

داخلہ کمپیوٹر کورسز

خدام الاحمدیہ پاکستان کے زیر اہتمام مندرجہ ذیل کورسز کا اجراء کیا جا رہا ہے۔ داخلہ کے خواہشمند احباب اپنی درخواستیں دفتر خدام الاحمدیہ میں جمع کروا دیں۔ داخلہ فارم دفتر سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

1-Computer Basic Coures

Typing (Urdu, English, Basic Concepts of Computer, Operating System, Microsoft Office, Ms Word, Ms Excell, Ms Power Point, Inpage, Internet

دورانیہ 2 ماہ فیس کورس -/1000 روپے

2-E-Commere

Html, Php, My sql

دورانیہ 2 ماہ فیس کورس -/2000 روپے

3- Composing and Designing

Inpage, MS Word, Coral Draw

دورانیہ 2 ماہ فیس کورس -/800 روپے

(انچارج طاہر کمپیوٹر انسٹیٹیوٹ ربوہ)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر نمبر 468

کلام اللہ اور اس کے عجائبات

حضرت سیدنا محمود المصلح الموعود نے یہ نظریہ پیش کر کے مذہبی دنیا میں تہلکہ مچادیا کہ

''قرآن کریم ایک ہی کتاب ہے جو کلام اللہ کہلاسکتی ہے دوسری کتب خواہ الہامی بھی ہوں کلام اللہ نہیں کیونکہ ان میں انسانی کلام بھی شامل ہے۔ خالص کلام اللہ الف سے لے کری تک بسم اللہ سے لے کر والناس تک صرف قرآن کریم ہے۔ یہ کتاب اس وقت سے کہ نازل ہوئی ہمارے زمانہ تک جوں کی توں ہے نہ ایک لفظ کم نہ ایک لفظ زیادہ۔ نہ کوئی حکم ناقابل عمل نہ کوئی آیت منسوخ ہر ایک حرکت و وقف بعینہ پس اس کے سوا اور کوئی کتاب نہیں جسے اس تعین کے ساتھ اپنے لئے مشعل راہ بنایا جاسکے کہ اس سے کوئی مشتبہ حکم نہیں ملے گا۔ (تفسیر کبیر جلد اول دیباچہ)

حضرت مصلح موعود کا عارفانہ کلام ہے کہ

شہ لولاک یہ نعمت نہ پاتے
تو اس دنیا سے ہم اندھے ہی جاتے
خدا ہی تھا کہ جس نے دی یہ نعمت
محمدؐ ہی تھے جو لائے یہ خلعت
پس اے میرے عزیزو! میرے بچو!
دل و جاں سے اسے محبوب رکھو

اقوام عالم کے لئے مکمل

ضابطہ حیات

سیدنا حضرت بانی سلسلہ احمدیہ کا ارشاد مبارک:۔

1۔ آنحضرت ﷺ کو اس ملک کے لئے نہ صرف رسول کر کے بھیجا بلکہ اس ملک کا بادشاہ بھی بنادیا اور قرآن شریف کو ایک ایسے قانون کی طرح مکمل کیا **جس میں دیوانی، فوجداری مالی سب ہدایتیں ہیں۔**

(چشمہ معرفت صفحہ 242 اشاعت 15 مئی 1908ء مطبع انوار احمدیہ مشین پریس قادیان)

2۔ ''کوئی نئی تحقیقات یا علمی ترقی نہیں جو قرآن شریف کو مغلوب کرسکے اور کوئی صداقت نہیں کہ اب پیدا ہوگئی ہو اور قرآن شریف میں پہلے سے موجود نہ ہو۔'' (ملفوظات جلد 5 ص 652)

کتاب اللہ کا فیصلہ

اللہ جلشانہ نے سورہ مومن :52 میں یہ ناطق فیصلہ فرمادیا ہے کہ ہم ہمیشہ اپنے ماموروں اور مومنوں کو دنیا و آخرت میں اپنی نصرت سے نوازتے ہیں۔

1902ء میں حضرت بانی سلسلہ احمدیہ نے صدائے ربانی بن کر ارشاد فرمایا

''میری بیعت میں ایک آدمی بھی نہیں تھا......اور اس وقت خدا تعالیٰ کے فضل سے ستر ہزار کے قریب بیعت کرنے والوں کا شمار پہنچ گیا ہے کہ جو نہ میری کوشش سے بلکہ اس ہوا کی تحریک سے جو آسمان سے چلی ہے میری طرف دوڑے ہیں''۔

''.......... ہر ایک قسم کے مکر کئے یہاں تک کہ حکام تک جھوٹی مخبریاں کیں خون کے جھوٹے مقدموں کے گواہ بن کر عدالتوں میں گئے .... مخالفانہ منصوبوں کے لئے کمیٹیاں کیں مگر ان تمام کوششوں کا نتیجہ بجز نامرادی کے اور کیا ہوا پس اگر یہ کاروبار انسان کا ہوتا تو ضرور ان کی جان توڑ کوششوں سے یہ تمام سلسلہ تباہ ہوجاتا''

(نزول المسیح۔ روحانی خزائن جلد 18 ص 382)

ہے کوئی کاذب جہاں میں لاؤ لوگو کچھ نظیر
میرے جیسی جس کی تائیدیں ہوئی ہوں بار بار
پاک و برتر ہے وہ جھوٹوں کا نہیں ہوتا نصیر
ورنہ اٹھ جائے اماں پھر سچے ہو ویں شرمسار

حضرت اقدس اسی کتاب میں آگے تحریر فرماتے ہیں۔

''کیا یہ عظیم الشان نشان نہیں کہ کوششیں تو اس غرض سے کی گئیں کہ یہ تخم جو بویا گیا ہے اندر ہی اندر نابود ہوجائے اور صفحہ ہستی پر اس کا نام ونشان نہ رہے مگر وہ تخم بڑھا اور پھولا اور ایک **درخت بنا اور اس کی شاخیں دور دور چلی گئیں اور اب وہ درخت اس قدر بڑھ گیا ہے کہ ہزار ہا پرند اس پر آرام کر رہے ہیں۔**''

(نزول المسیح۔ روحانی خزائن جلد 18 صفحہ 384)

لفظ ''قرآن'' میں زبردست پیشگوئی

حضرت اقدس مسیح موعود نے 13/ اکتوبر 1906ء کو خطاب عام کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:۔

میں نے قرآن کے لفظ میں غور کی۔ تب مجھ پر کھلا کہ اس مبارک لفظ میں ایک زبردست پیشگوئی ہے۔ وہ یہ ہے کہ یہی قرآن یعنی پڑھنے کے لائق کتاب ہے اور ایک زمانہ میں تو اور بھی زیادہ یہی پڑھنے کے لائق کتاب ہوگی۔ جبکہ اور کتابیں بھی پڑھنے میں اس کے ساتھ شریک کی جائیں گی۔ اس وقت .... کی عزت بچانے کے لئے اور بطلان کا استیصال کرنے کے لئے یہی ایک کتاب پڑھنے کے قابل ہوگی اور دیگر کتابیں قطعاً چھوڑ دینے کے لائق ہوں گی۔ فرقان کے بھی یہی معنے ہیں۔ یعنی یہی ایک کتاب حق و باطل میں فرق کرنے والی ٹھہرے گی اور کوئی حدیث کی یا اور کوئی کتاب اس حیثیت اور پایہ کی نہ ہوگی۔ اس لئے اب سب کتابیں چھوڑ دو اور رات دن کتاب اللہ ہی کو پڑھو۔ بڑا بے ایمان ہے وہ شخص جو قرآن کریم کی طرف التفات نہ کرے اور دوسری کتابوں پر ہی رات دن جھکا رہے۔ ہماری جماعت کو چاہئے کہ قرآن کریم کے شغل اور تدبر میں جان و دل سے مصروف ہو جائیں.......... **اس وقت قرآن کریم کا حربہ ہاتھ میں لو تو تمہاری فتح ہے۔ اس نور کے آگے کوئی ظلمت ٹھہر نہ سکے گی۔**''

(الحکم 17/ اکتوبر 1900ء صفحہ 5 ملفوظات جلد اول صفحہ 386)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

اعلان دارالقضاء

(مکرمہ حامدہ صباح الدین ترکہ مکرم خلیفہ صباح الدین احمد صاحب مرحوم)

۞ مکرمہ حامدہ صباح الدین صاحبہ نے درخواست دی ہے کہ میرے شوہر مکرم خلیفہ صباح الدین احمد صاحب وفات پاچکے ہیں ان کے نام قطعہ نمبر 30/4 محلّہ دارالیمن برقبہ 10 مرلہ الاٹ ہے۔ یہ پلاٹ مرحوم کے ورثاء میں (بحصص شرعی) منتقل کر دیا جائے۔ ورثاء کی تفصیل۔

(1) مکرمہ حامدہ سلطانہ صاحبہ (بیوہ)
(2) مکرم خلیفہ عزیز الدین احمد صاحب (بیٹا)
(3) مکرمہ ھبۃ السلام صاحبہ (بیٹی)
(4) مکرمہ عطیۃ الحی صاحبہ (بیٹی)
(5) مکرمہ ملیحہ صباح صاحبہ (بیٹی)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ کسی وارث یا غیر وارث کو اس منتقلی پر اگر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دفتر ہذا کو مطلع کر کے ممنون فرمائیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

اعلان دارالقضاء

(مکرم ملک نسیم احمد صاحب ترکہ مکرمہ سیدہ ناصرہ بیگم صاحبہ)

۞ مکرم ملک نسیم احمد صاحب نے درخواست دی ہے کہ میری والدہ مکرمہ ناصرہ بیگم صاحبہ وفات پاگئی ہیں۔ ان کے نام ایک پلاٹ نمبر 19/18 محلّہ دارالیمن ربوہ برقبہ ایک کنال میں سے صرف 5 مرلہ الاٹ ہے۔ یہ قطعہ مرحومہ کے ورثاء میں بحصص شرعی تقسیم کر دیا جائے مرحومہ کے ورثاء کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

(1) مکرمہ بشریٰ جہانگیر صاحبہ (بیٹی)
(2) مکرم نعیم احمد صاحب (بیٹا)
(3) مکرم نسیم احمد صاحب (بیٹا)
(4) مکرم ڈاکٹر سلیم احمد طاہر صاحب (بیٹا)
(5) مکرم فہیم احمد صاحب (بیٹا)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ کسی وارث یا غیر وارث کو اس منتقلی پر اگر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دفتر ہذا کو مطلع کر کے ممنون فرمائیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

سویڈن میں اعلیٰ تعلیم کیلئے طریقہ کار میں تبدیلی

۞ 2008ء سے حکومت سویڈن نے متفرق اعلیٰ تعلیمی پروگرامز میں داخلہ کے خواہشمند طلبہ کے طریقہ کار اور شیڈیول میں کچھ تبدیلی کی ہے۔

تمام درخواستیں آن لائن www.studera.nu پر دی جائیں گی۔

ایک وقت میں آٹھ ماسٹر پروگرامز میں داخلہ کی درخواست کی جاسکے گی اور ترجیحات ایک ہی آن لائن درخواست فارم پر تحریر کرنی ہوں گی۔

آن لائن درخواست فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ یکم فروری 2008ء ہے۔

طلبہ اب ہر یونیورسٹی کو اپنے کاغذات ارسال نہیں کریں گے بلکہ مندرجہ بالا سائٹ پر دیئے گئے ایڈریس پر ایک ہی پیکٹ بھیجیں گے۔

(نظارت تعلیم)

دورہ نمائندہ مینیجر روزنامہ الفضل

۞ مکرم منور احمد صاحب ججہ نمائندہ مینیجر الفضل برائے توسیع اشاعت وصولی واجبات اور اشتہارات کیلئے ضلع مظفرگڑھ ڈیرہ غازی خان اور راجن پور کے دورہ پر ہیں احباب جماعت و اراکین عاملہ و مربیان کرام سے خصوصی تعاون کی درخواست ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کا دورہ ہر لحاظ سے کامیاب بنائے۔ آمین

(مینیجر روزنامہ الفضل)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

مکرم محمد شفیع خان صاحب لاہور

قادیان کی بعض پرانی یادیں اور جلسہ قادیان 2007ء میں شرکت

جب پاکستان کا قیام عمل میں آیا تھا میری عمر 10 برس تھی میں نے اپنے والد صاحب مرحوم محمد شہزادہ خانصاحب مولوی فاضل زندگی وقف کے ساتھ قادیان کو اچھی طرح سے دیکھا تھا۔ میں نے قایان کی روحانی مجالس کو نہایت قریب سے نہ صرف دیکھا تھا بلکہ شمولیت اختیار کر کے برکتوں کو بھی حاصل کیا تھا۔ میرے والد صاحب جامعہ احمدیہ میں استاد تھے انہیں دارالشیوخ کا منتظم اعلیٰ بھی مقرر کیا گیا تھا۔ وہ قادیان میں ہجرت کے وقت تک یہ فرائض سرانجام دیتے رہے۔

مجھے آج بھی اچھی طرح سے یاد ہے کہ بیت اقصیٰ میں رمضان کے مبارک ایام میں روزانہ تراویح کا اہتمام کیا جاتا تھا۔ صبح تہجد کے وقت اور رات کو عشاء کی نماز کے بعد میں والد صاحب کے ساتھ جایا کرتا تھا۔ میں نے حضرت مولانا سرور شاہ صاحب کی امامت میں اکثر بیت مبارک میں نمازیں ادا کیں۔

بیت مباک میں گرمیوں میں چھت پر اور سردیوں میں بیت کے اندر مجلس عرفان حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے پُرنور سایہ میں منعقد ہوتی تھیں۔ جس میں آپ جلوہ افروز ہو کر دین کے بارے میں سوال و جواب کے ذریعہ اپنی جماعت کے احباب کی روحانی آبیاری فرمایا کرتے تھے۔ میں نے یہ مجالس اپنی کمسن آنکھوں سے دیکھی ہیں اور والد صاحب کے ساتھ ان مجالس میں شمولیت کا اعزاز پایا ہے۔

مجھے آج بھی اچھی طرح سے یاد ہے کہ ایک روز محترم مولانا عبدالرحمان جٹ صاحب نے بیت اقصیٰ میں نماز عصر کی امامت فرمائی۔ نماز کی ادائیگی کے بعد ایک جامعہ کے طالب علم نے کھڑے ہو کر باآواز بلند کہا ''تعالوا'' اس پر جامعہ احمدیہ کے تمام طالب علم اٹھ کر کھڑے ہو گئے اور لائن بنا کر بیت اقصیٰ سے روانہ ہو گئے مجھے کافی عرصہ تک سمجھ نہ آئی کہ یہ ''تعالوا'' پر طالب علم کیوں کھڑے ہو کر لائن میں روانہ ہو جاتے ہیں۔ پھر جب متعدد بار میں نے یہ منظر دیکھا تو والد صاحب سے پوچھا یہ کیا ہے۔ تو آپ نے فرمایا ''تعالو'' کا مطلب ہے ''آجاؤ''۔

دارالشیوخ میں چونکہ میرا ساتھ اکثر والد صاحب کے ساتھ رہا وہ میرا بستہ اور کتب ساتھ لے کر مجھے دارالشیوخ ہمراہ لے آتے تھے تا کہ میں وہاں پڑھتا رہوں۔ میں نے وہاں دیکھا کہ نمازوں کے اوقات میں اور کھانے کے اوقات میں ایک منظّم طریق سے طالب علم لائنوں میں بیوت اور طعام کے اوقات میں لنگر خانہ جایا کرتے تھے۔

اب میں 60 برس کے بعد جلسہ سالانہ 2007ء پر قادیان گیا تو میرے ذہن میں جو قادیان کا نقشہ تھا وہ بالکل اب بدل چکا ہے۔ میں کئی روز تک پرانے قادیان کو تلاش کرتا رہا لیکن مجھے وہ قادیان نظر نہ آیا۔ میں اس دوران بار بار حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کا یہ شعر پڑھ کر آبدیدہ ہوتا رہا۔

یا تو ہم پھرتے تھے ان میں یا ہوا یہ انقلاب
پھرتے ہیں آنکھوں کے آگے کوچہ ہائے قادیان

دارالمسیح سے باہر آئیں تو بیت مبارک کے بالکل سامنے ایک ڈیوڑھی تھی جس کے ایک کونے پر مرزا مہتاب بیگ صاحب کی ٹیلرنگ کی دکان تھی اور دوسرے کونے پر دواخانہ رفیق حیات نامی دکان تھی۔ ڈیوڑھی گزریں تو ساتھ ہی کنواں تھا، کنواں گزریں تو گلی میں ایک طرف مدرسہ احمدیہ کی کھڑکیاں کھلتی تھیں اور گلی کی دوسری جانب مدرسہ حفظ القرآن تھا اور ذرا آگے بڑھیں تو ایک گلی دارالشیوخ کی عمارت کے سامنے سے گزر کر ڈھاب کے کنارے چلتے چلتے محلّہ ناصر آباد اور بہشتی مقبرہ کو جاتی تھی اور اگر بائیں جانب گلی میں مڑ جائیں تو دائیں ہاتھ احمد نور کابلی صاحب کا مکان تھا اور بائیں جانب حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے گھر کا دروازہ تھا جبکہ اس گھر کا ایک دروازہ احمدیہ بازار کی جانب تھا۔ اسی گلی کے کونے پر حضرت خلیفۃ المسیح الاول کا مطب تھا اور یہ گلی نکل کر (جو اب بند ہے) حضرت مولوی سرور شاہ صاحب، عبداللہ خان صاحب درویش، ڈاکٹر شاہ عالم صاحب، مولوی غلام رسول صاحب افغان اور پھر ضیاء الاسلام پریس تک جاتی تھی اس سے آگے مغنی صاحب کا مکان تھا جبکہ دوسری جانب لنگر خانہ تھا۔

اسی طرح بیت مبارک سے دائیں طرف مڑیں تو لنگر خانہ تھا جس کے سامنے شیر محمد صاحب اور فضل حسین صاحب کی پرچون کی دکانیں تھیں لنگر خانہ کا گیٹ گزر کر آگے جائیں تو سیڑھیاں نیچے اترتی تھیں جہاں محترم ڈاکٹر غلام غوث صاحب کا مکان ہوا کرتا تھا۔

بیت مبارک سے بائیں طرف مڑیں تو مولوی غلام رسول رفیق حضرت مسیح موعود کی دودھ کی دکان تھی جس کے ساتھ حکیم محبوب عالم صاحب کا مطب تھا اور مطب کے ساتھ مجید چھرے ہاؤس دکان تھی جو ایئر گن کے چھرے بناتے تھے اور آگے جائیں تو بائیں ہاتھ اسی بازار میں چوک سے ذرا پہلے عبدالواحد پان والے کی دکان تھی اور ساتھ ہی اللہ دتہ پان والے کی دکان تھی اور بالمقابل ڈاکٹر میر محمد اسماعیل صاحب کا کلینک تھا۔

چوک میں جہاں سے ایک راستہ حضرت سید سرور شاہ صاحب کے گھر کو نکلتا تھا (اور یہ سڑک بسراواں تک جاتی تھی) یہاں لاہوریوں کی پرچون کی دکان تھی اور بالمقابل حضرت عبداللہ جلد ساز کی دکان تھی۔

ریتی چھلہ میں ایک بڑ کا بڑا درخت تھا اس کے مغرب کی جانب پوسٹ آفس کی عمارت تھی جبکہ عمارت کی پشت پر فروٹ منڈی تھی جہاں مانا چودھری کشمیری کمیشن ایجنٹ تھے۔

ریتی چھلے کے مشرق کی جانب ایک لمبی گلی تھی جو حضرت مولانا شیر علی صاحب کے گھر کے سامنے سے نور ہسپتال کے سامنے سے ہوتے ہوئے گزرتی تھی اور ٹی آئی ہائی سکول کے سامنے جا نکلتی تھی۔ ٹی آئی ہائی سکول کا ایک خوبصورت زراعتی فارم تھا۔ بیت نور کے قریب واقع تھا جس میں سکول کے طالب علموں کو زراعت کی تربیت دی جاتی تھی۔

لنگر خانہ کے پچھلے گیٹ سے نکلیں تو سامنے ڈھاب تھی جس میں قدیر نامی احمدی خادم موٹر بوٹ یعنی کشتی چلایا کرتے تھے اور ہم اس ڈھاب میں مچھلیاں پکڑا کرتے تھے۔ لنگر خانہ کے پچھلے گیٹ سے نکل کر بہشتی مقبرہ کو جائیں تو ڈھاب کے کنارے بہت سے گھر ہوا کرتے تھے جن میں عبدالرحمٰن صاحب اور دوسرے کئی ایک احمدی گھرانے رہا کرتے تھے۔ پل کو کراس کریں تو لب سڑک مولوی محمد شہزادہ خان فاضل کا مکان تھا جس کے بالمقابل حضرت اماں جان کا آموں کا بہت بڑا باغ تھا جس میں بہشتی مقبرہ کے قریب ایک خوبصورت چبوترہ تھا جس پر حضرت مسیح موعود اپنے احباب سے گفتگو فرمایا کرتے (جسے اب محفوظ کر لیا گیا ہے)

ڈھاب اب ایک برائے نام نالے کی شکل اختیار کر چکی ہے جس کا وجود نہ ہونے کے برابر ہے۔

میں قادیان میں 23 دسمبر کو آیا اور جلسہ شروع ہونے تک اپنے ذہنی نقشے کے مطابق پرانے قادیان کو تلاش کرتا رہا جو مجھے کہیں نہیں ملا۔ محلّہ ناصر آباد جہاں ہمارا گھر تھا کے آس پاس کھیت تھے۔ ڈھاب کے کنارے چلار (کنواں) ہوا کرتی تھی اب وہاں جلسہ گاہ ہے بیت ناصر آباد میں توسیع کر دی گئی ہے جبکہ آس پاس کوارٹرز بنا دیئے گئے ہیں۔

میں نے رہائش گاہ حضرت میاں بشیر احمد صاحب بھی دیکھی وہ جوں کی توں ہے۔ وہ ڈیوڑھی بھی دیکھی جہاں مائی کاکو صاحبہ خادمہ بیٹھتی تھیں۔ بیت مبارک کے نیچے میں نے گول کمرہ اپنی اصلی حالت میں دیکھا جس میں حضرت مسیح موعود اپنے ملنے والوں کو شرف ملاقات بخشا کرتے تھے۔ اس کمرے سے گزر کر بیت اقصیٰ کی جانب جائیں تو ایک ڈیوڑھی ہے جس پر پہلے بڑا گیٹ لگا ہوا تھا جس پر لکھا تھا یہ عام گزرگاہ نہیں ہے اور یہ گیٹ ہفتہ میں دو دن بند رہتا تھا۔ اب یہ ڈیوڑھی تو جوں کی توں ہے لیکن گیٹ نہیں ہے۔

قادیان کے پھیلاؤ میں بہت اضافہ ہو چکا ہے۔ قادیان کے آس پاس کے خالی میدانوں میں اب مکانات بن چکے ہیں ڈھاب جس میں کبھی بہت مچھلیاں ہوا کرتی تھیں اب گھاس پھونس سے بھر گئی ہے۔

بیت مبارک، بیت اقصیٰ بھی جوں کی توں ہے اور رہائش گاہ حضرت اقدس مسیح موعود و دیگر مقدس رہائش گاہوں کی حفاظت اس طور پر کی گئی ہے کہ ان مقامات مقدسہ کی اصلیت اور احترام پر حرف نہ آئے۔ یہ وہ مقامات ہیں جنہیں خدا کے مہدی نے عزت بخشی۔ آپ کے مبارک قدم اس زمین و مکاں میں برکتیں بانٹتے رہے۔ یہاں اللہ تبارک و تعالیٰ آپ سے بارہا ہم کلام ہوا۔ یہاں آپ نے دین کی تجدید و ترویج کے لئے بہت سی کتب فصیح و بلیغ انداز میں تصنیف فرمائیں۔ یہاں سے آپ نے دنیا بھر کے انسانوں کو محسن انسانیت کا پیغام دین پہنچایا۔ یہیں سے آپ نے جماعت احمدیہ کی آبیاری فرمائی۔ میں بیت الدعا میں حاضر ہوا جہاں ہر انسان پر خود بخود رقت طاری ہو جاتی ہے۔

مجھے بیت اقصیٰ میں نمازیں ادا کرنے کا موقعہ ملا جس سے ایک عجیب سا روحانی سکون نصیب ہوا۔ خشوع و خضوع خود بخود دل میں پیدا ہو جاتا ہے۔ نمازوں میں لذت اور بشاشت محسوس ہونے لگتی ہے۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد روزانہ منارة المسیح کی زیارت کا موقعہ ملتا رہا۔

منارة المسیح جو حضرت مسیح موعود کی عظمتوں کا مظہر ہے وہ آج بھی اللہ تبارک تعالیٰ کی بیشمار رحمتوں کے سایہ میں اپنی پوری آب و تاب کے ساتھ سر تانے کھڑا ہے اور منادی کر رہا ہے جاء المسیح، جاء المسیح۔

بہشتی مقبرہ جا کر دعاؤں کا موقع بار بار ملا۔ اسے خوبصورت پھولوں سے آراستہ پایا۔ صفائی کا انتظام قابل رشک حد تک کیا گیا ہے۔ یہاں کے کتبوں کو سفید رنگ سے نوازا گیا ہے لائنوں میں بنی یہ قبریں اور ان پر لگے سفید کتبوں سے احساس ہو رہا تھا کہ یہ سب مسیح کے دیوانے اور فدائی ہیں جو مسیح کی آرام گاہ کے چاروں طرف محو خواب ہیں۔

احاطہ خاص کی پاکیزگی کا ذکر کرنے کے لئے تو میرے پاس الفاظ نہیں ہیں۔ لوہے کے جنگلے کے قریب کھڑے ہو کر جونہی دعا کے لئے ہاتھ اٹھائے دل شکستہ اپنے جذبات پر قابو نہ رکھ سکا۔ ضبط کے تمام بندھن ٹوٹ گئے۔ احاطہ خاص میں باغ و بہار سبزہ ہی سبزہ خوبصورت پھول اور اس میں پاک وجود حضرت مسیح موعود اپنے رفقاء کے ساتھ آرام فرما ہیں۔ اس احاطہ خاص میں اس قدر اللہ تبارک تعالیٰ کے نور کی شعاعیں منعکس ہو رہی ہیں کہ مزار پر نظریں جمانا مشکل ہے۔ آپ کے بائیں پہلو میں حضرت خلیفہ اول کا مزار پاک ہے جبکہ قدموں کی جانب بہت سے مزار ہیں جن میں حضرت میر ناصر نواب حضرت نواب محمد علی خان صاحب۔ حضرت میر محمد اسحاق صاحب، حضرت میر محمد اسماعیل صاحب، حضرت مرزا وسیم احمد صاحب کے مزار کے کتبے صاف عیاں ہیں۔ ایک روز جب میں احاطہ خاص کے جنگلے کے قریب کھڑا دعا کر رہا تھا تو مجھے حضرت مصلح موعود کے ایک شعر نے جھنجھوڑ کر رکھ دیا اور مجھ پر رقت طاری ہو گئی۔

جب کبھی تم کو ملے موقع دعائے خاص کا
یاد کرلینا ہمیں اہل وفائے قادیاں

میں آپ کا یہ شعر بار بار دل ہی دل میں دہراتا رہا اور آپ کی بلندیٔ درجات کے لئے دیر تک درددل سے دعاؤں میں مصروف رہا۔

مجھے بہشتی مقبرہ میں اس جگہ کی بھی زیارت کرنے کا موقع ملا جہاں حضرت مسیح موعود کا جنازہ رکھا گیا تھا وہ جگہ بھی دیکھی جہاں ایک بورڈ آویزاں ہے۔

مقام ظہور قدرت ثانیہ

اس میں شک نہیں کہ جلسہ سالانہ قادیان 2007ء اپنی پوری آب وتاب کے ساتھ خدواند کے حضور دعاؤں سے شروع ہوا جس میں ایسی ایسی تقاریر ہوئیں جن سے ایمان کو تازگی نصیب ہوئی۔ 28 دسمبر کو نماز جمعہ وعصر محترم سلطان محمود انور صاحب ناظر خدمت درویشان ربوہ نے پڑھائی یہ جلسہ گاہ میں ہوئی جلسہ کے دوران نماز ظہر وعصر جلسہ گاہ میں ادا ہوتیں جبکہ مغرب وعشاء کے لئے 6 بجے شام کا وقت مقرر تھا۔ مردوں کے لئے بیت اقصیٰ اور خواتین کے لئے بیت مبارک میں انتظام تھا۔ نماز تہجد کا وقت سوا پانچ صبح جبکہ فجر کی نماز کا وقت 6:20 صبح مقرر تھا۔

میں چونکہ 23 دسمبر کو قادیان پہنچ گیا تھا لہٰذا جلسہ شروع ہونے سے پہلے میں نے قادیان کے مقدس مقامات کی بہ احسن طریق سے بار بار زیارت کی اور دل کی پیاس بجھائی اس کے علاوہ میں نے قادیان جو اب بہت پھیل چکا ہے اور کافی آبادی بڑھ چکی ہے کی خوب سیر کی، لوگوں سے ملا، سکھ نیشنل کالج جو کبھی تعلیم الاسلام کالج ہوا کرتا تھا اس کی خوبصورت وسیع عمارت دیکھی اس پر آج بھی سرخ رنگ موجود ہے جو قبل از تقسیم ہند تھا۔ میں جب کالج پہنچا کالج کے دو پروفیسر صاحبان دھوپ میں گراسی پلاٹ میں بیٹھے تھے انہوں نے میری تواضع چائے سے کی ان سے کافی دیر تک باتیں ہوتی رہیں۔

جلسہ سالانہ قادیان کے تینوں ایام اللہ تبارک تعالیٰ کے حضور حمد وثناء میں گزرے۔ قادیان کی مٹی اور فضا حضرت مسیح موعود کی خوشبو سے آج بھی معطر ہے۔ خدا تعالیٰ کی قدرتوں کے ایسے بابرکت نمونے دیکھنے کو ملے جن سے نہ صرف روح کو تازگی ملی بلکہ یہ مسیح موعود کی صداقت کے واضح ثبوت ہیں۔

لنگر خانہ نمبر 2 پر کپڑے کے بینر پر آپ کے منظوم کلام سے عربی کا ایک شعر درج تھا۔ جس کے نیچے اس کا یہ ترجمہ جلی حروف میں لکھا تھا۔

کبھی دسترخوانوں کا پس خوردہ میری خوراک تھا اور آج میں کئی گھرانوں کو کھلانے والا بن گیا ہوں۔

اس بینر تلے سے چاول اور سالن کی سینکڑوں دیگیں صبح شام مہمانوں کے لئے جارہی تھیں اور سینکڑوں تندور صبح شام روٹیاں لگانے میں مصروف تھے اور ایسے چھ لنگر خانے قادیان میں ہزاروں مہمانوں کو کھانا کھلا رہے تھے۔ جگہ جگہ ہر محلے میں جہاں مہمان ٹھہرے ہوئے تھے کھانے کی دیگیں، روٹیاں، چاول اور سالن لے جایا جاتا تھا جہاں گھروں میں ٹھہرے مہمانوں کو صبح شام کھانا کھلایا جاتا تھا۔ ربوہ سے بہت سے کارکن ڈیوٹیاں دینے قادیان آئے تھے جبکہ پورے ہندوستان سے سینکڑوں خدام مہمانوں کی خدمت میں مصروف تھے۔ ان میں ڈاکٹر، انجینئر و دیگر تکنیکی ماہرین بھی شامل تھے۔ سب بے لوث اور بغیر معاوضہ کے صرف اپنے پیارے رب کو راضی کرنے کے لئے حضرت مسیح موعود کے مہمانوں کی خدمت پر کمر بستہ تھے۔

دنیا بھر سے مہمان اس جلسہ پر تشریف لائے، ہر قوم، ہر ذات، ہر رنگ ہر زبان ہر علاقے اور ہر مذہب کے یہ ہزاروں افراد جنہوں نے حضرت مسیح موعود کی بیعت کی ہے وہ اس جلسہ میں شامل ہوئے۔ دنیا کی تمام قوموں کو احمدیت کے ایک جھنڈے تلے جمع کر دینا صداقت مسیح موعود کی عظیم الشان دلیل وثبوت نہیں تو اور کیا ہے۔

ایک دوسرے سے قلبی لگاؤ اور محبت کے اعلیٰ نمونے بوجہ احمدیت یہاں دیکھنے کو ملتے ہیں۔ شاہ و گدا، امیر، غریب، کمزور، طاقتور سبھی زمین کے فرش پر بستر لگائے خوش دلی کے ساتھ محض اللہ تبارک تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی کے لئے اس جلسہ کے ایام نمازوں، تہجد اور درود شریف قرآن کریم کی تلاوت میں گزارتے ہیں وہ دین کی باتیں سنتے ہیں۔ وہ اپنے آقا اور مولا کے مقرر کردہ قدرت ثانیہ کے پانچویں مظہر کے روح پرور خطاب سے فیضیاب ہوتے ہیں۔ پھر صبروشکر کے ساتھ دلی بشاشت اور طمانیت کے ساتھ اپنے گھروں کو واپس لوٹتے ہیں۔ یہ روح پرور نظارے، الٰہی جماعت کے فیوض وبرکات کے ثمرات نہیں تو اور کیا ہیں۔

قادیان کا سہ روزہ جلسہ 31,30,29 دسمبر 2007ء کو اللہ تبارک تعالیٰ کے خاص رحم وکرم سے نہایت کامیابی سے سرانجام پایا۔

جلسہ کے آخری یوم حضرت مسیح موعود کے منظوم کلام کو نہایت خوش الحانی سے قادیان میں پڑھا اور سنا گیا۔ اس کے چند اشعار

اک قطرہ اس کے فضل نے دریا بنا دیا
میں خاک تھا اسی نے ثریا بنا دیا
میں تھا غریب و بے کس و گمنام و بے ہنر
کوئی نہ جانتا تھا کہ ہے قادیاں کدھر
لوگوں کی اس طرف کو ذرا بھی نظر نہ تھی
میرے وجود کی بھی کسی کو خبر نہ تھی
اب دیکھتے ہو کیسا رجوع جہاں ہوا
اک مرجع خواص یہی قادیاں ہوا

حضرت مسیح موعود کا مندرجہ بالا کلام اللہ تبارک تعالیٰ کی بشارتوں کا مظہر ہے کہ اس نے آپ کی دعوت کو دنیا کے کناروں تک پہنچایا اور قادیان جو ایک گمنام گاؤں تھا۔ لاکھوں بلکہ کروڑوں احمدیوں کے لئے باعث برکت بنایا۔ جلسہ کے اسی تیسرے روز ہمارے پیارے خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے لندن سے جلسہ سالانہ قادیان کو خطاب کے شرف سے نوازا۔ اس روح پرور خطاب کے بعد آپ نے اجتماعی دعا کروائی۔ اور یہ جلسہ سالانہ قادیان جو 116 واں جلسہ تھا دعاؤں سے شروع ہوا اور پُرسوز دعاؤں کے ساتھ اختتام پذیر ہوا۔

مکرم چوہدری محمد الدین مجاہد صاحب

میرے والد چوہدری مہر دین صاحب اور خاندان کا تعارف

ہمارا آبائی گاؤں گل منج اور کلانور ضلع گورداسپور تھا۔ میرے والد مکرم چوہدری مہر دین صاحب اور تایا مکرم چوہدری حسین بخش صاحب پسران چوہدری نتھے خان صاحب اور ان کے تایا زاد بھائی چوہدری اللہ دتہ صاحب ولد مکرم چوہدری کاکے خان صاحب تینوں بھائی کلانور سے مڈل پاس کرکے چوہدری صاحب مہر امیر اللہ صاحب ذیلدار کلانور کی سفارش سے ڈپٹی کمشنر جھنگ شیخ سراج دین صاحب کے پاس آگئے اور 9 روپے پر پٹواری بھرتی ہوئے۔ ڈپٹی کمشنر کا رشتے داری کا تعلق کلانور سے تھا۔ میرے تایا صاحب چوہدری حسین بخش صاحب نواں لاہور ضلع لائلپور (فیصل آباد) پٹواری تھے۔ وہاں ایک ان پڑھ درزی میاں نوردین صاحب کی دعوت سے احمدی ہوئے۔

یہ تینوں بھائی مختلف جگہوں پر ملازمت کرتے رہے۔ احمدیت کی عزت و شان بلند کرتے رہے۔

مجھے یاد ہے والد صاحب حویلی بہادر شاہ ضلع جھنگ تعینات تھے۔ میں اس وقت چوتھی جماعت کا طالب علم تھا۔ حضرت مولوی غلام رسول صاحب راجیکی کو قادیان سے بلوایا گیا۔ قریشی صاحبان کے ڈیرہ جات پر گفتگو ہوتی رہی۔ بہت اثر ہوا۔ قادیان سے تار پر تار آتا تھا کہ مولوی صاحب کو واپس بھیجو۔ وہاں میاں امیر شاہ صاحب، میاں کبیر شاہ صاحب دونوں بھائی ناراض تھے۔ والد صاحب نے صلح کرائی۔ اور والد صاحب نے قادر آباد نزد گوجرہ کے چوہدری قادر صاحب کو دعوت الی اللہ کرکے احمدی بنایا۔

اسی طرح تایا حسین بخش صاحب 388 نزد ٹوبہ ٹیک سنگھ تعینات تھے۔ جوبلی جلسہ قادیان تھا۔ بھائی برکت علی کی لاری منگوا کر سارا خاندان قادیان لے گئے۔ بلکہ 388 کے منشی برکت علی صاحب، چوہدری نور محمد صاحب نمبردار، ماسٹر محمد صدیق صاحب اور مولوی جلال دین صاحب کو بھی ساتھ لے گئے۔ اسی طرح چچا اللہ دتہ صاحب چیچہ وطنی میں تھے۔ وہاں چوہدری ولی محمد صاحب گجر ریلوے میں ملازم تھے۔ ان کی دعوت الی اللہ سے احمدی ہوئے۔ اب ان کا خاندان ربوہ میں ہے۔ والد صاحب اور تایا صاحب ٹوبہ ٹیک سنگھ کے یکے بعد دیگرے صدر جماعت رہے۔ چچا اللہ دتہ صاحب صدر جماعت چیچہ وطنی رہے۔ 1974ء میں شورکوٹ چوہدری بشیر احمد صاحب و چوہدری محمود احمد صاحب پسران چوہدری حسین بخش صاحب پر جماعتی وجہ سے حملہ ہوا جس کا انہوں نے مردانہ وار مقابلہ کیا۔ اسی طرح ٹوبہ ٹیک سنگھ کی بیت الذکر گرائی گئی جہاں چوہدری ضیاء الحق، چوہدری انوار الحق، چوہدری فیاض الحق، مربی مغفور احمد صاحب، مربی خوشی محمد صاحب، مربی محمد امین طاہر صاحب، آفتاب، احمد ترمذی صاحب، چوہدری نذیر احمد صاحب، مبارک احمد صاحب، محمد حسین چوہان صاحب، سید محمد شاہ صاحب، سید محمد اشرف شاہ صاحب، چوہدری عطاء اللہ صاحب، محمد عرفان صاحب، چوہدری بابر صاحب، محمد افضل آف بیڑیاں والا کو کلمہ کیس میں چالان کرکے جھنگ جیل بھیج دیا۔ وہاں جیل میں چوہدری محمد الیاس صاحب، چوہدری محمد نعیم صاحب آف 364 ج ب والے پہلے ہی قید تھے۔ انہوں نے اور سپرنٹنڈنٹ صاحب جیل نے ان قیدیوں سے اچھا سلوک کیا۔ یہ سب واقعات میری کتاب ''ہم اور احمدیت'' جس میں نشانات قدرت و مبشر خوابیں درج ہیں خلافت لائبریری میں موجود ہے۔ آئندہ نسل ان کتابوں سے فائدہ اٹھاوے۔ اور ثابت کردے کہ

اک قطرہ اس کے فضل نے دریا بنا دیا
میں خاک تھا اسی نے ثریا بنا دیا

ہمارے افراد کی جماعتی خدمات، نیکی کے کام کی تفصیل کتاب میں درج ہے جو پڑھنے کے لائق ہے اور آئندہ کی نسل کے لیے سبق ہے کہ 9 روپے کے بھرتی پٹواریوں کی اولاد محض احمدیت کے نور کی وجہ سے کہاں سے کہاں پہنچ گئی۔

نیکی کی رغبت پیدا ہوئی

مولانا شیخ مبارک احمد صاحب کے والد حضرت شیخ محمد دین صاحب تحریر فرماتے ہیں:

''منشی عمر دین صاحب جو کوٹلہ افغاناں ضلع گورداسپور کے رہنے والے تھے، احمدی تھے اور ہم میں سے منشی عمر دین صاحب نماز پڑھتے۔ قرآن مجید کی تلاوت روزانہ کرتے اور اخبار بدر بھی قادیان سے ان کے پاس آتا تھا۔ **مجھے مرحوم کی نیکی کو دیکھ کر رغبت پیدا ہوئی اور مرحوم کی تحریک پر ہی حضرت مسیح موعود کی خدمت میں تحریری بیعت کا خط لکھ دیا''۔**

(کیفیات زندگی ص 12)

ٹیکنالوجی، سائنس اور تعلیمی نظام کا صحیح تصور

محترم ڈاکٹر عبدالسلام صاحب کی کتاب IDEALS AND REALITIES سے چند اقتباسات

جناب محبوب الرحمٰن فاروقی ایک طویل عرصہ سے ''آجکل'' دہلی بھارت کے مدیر ہیں۔ انہوں نے اپنے مختلف مضامین کو بعض دلچسپ عنوانات کے تحت اکٹھا کر کے تخلیق کار پبلشرز لکشمی نگر دہلی کے تعاون سے شائع کیا ہے۔ اس مجموعہ کے باب سوم میں ''چند سائنسدانوں اور سائنس سے متعلق'' مضامین میں پہلا مضمون سائنسدان ڈاکٹر عبدالسلام کے بارے میں ہے۔ اس میں انہوں نے ڈاکٹر صاحب کی مشہور کتاب IDEALS AND REALITIES میں شامل مختلف مضامین سے اقتباسات کو شامل کیا ہے جو قارئین الفضل کی دلچسپی کا باعث ہونگے۔

مشہور نظریاتی سائنسدان ڈاکٹر عبدلسلام پنجاب کے جھنگ قصبہ کے ایک غریب کسان خاندان میں 26 جنوری 1926ء کو پیدا ہوئے۔ ان کی ابتدائی تعلیم گورنمنٹ کالج لاہور میں ہوئی۔ امتحان میں نمایاں کامیابی ملنے پر کیمبرج یونیورسٹی کے سینٹ جانسن کالج میں اعلیٰ سائنسی تعلیم حاصل کرنے کے لئے وظیفہ مل گیا۔ جہاں انہوں نے آزادی سے ایک سال قبل یعنی 1946ء میں داخلہ لیا۔ 1957ء میں 31 سال کی عمر میں انہوں نے گریجوایشن اور ڈاکٹریٹ کی ڈگری دونوں ایک ساتھ حاصل کیں۔ بعد میں وہ امپیریئل کالج میں نظریاتی سائنس کے پروفیسر ہوگئے۔ وہ تیسری دنیا میں سائنس کے فروغ کے لئے تاعمر کوشاں رہے۔ جس کی بدولت 1964ء میں اٹلی کے ٹرسٹے شہر میں نظریاتی طبیعیات کے بین الاقوامی مرکز کو قائم کرنے میں کامیاب ہوئے۔ اس مرکز میں ہر سال تقریباً 4500 غیر ممالک سے آنے والے ریاضی داں اور طبعیات کے ماہرین کو ٹریننگ اور ریسرچ کی سہولت مہیا کی جاتی ہیں، ان میں سے اکثریت تیسری دنیا کے غریب ممالک کے مندوبین کی ہوتی ہے۔ 1979ء میں انہیں نوبیل انعام سے نوازا گیا۔ اس انعام میں ملنے والی ساری رقم انہوں نے نوجوان سائنس دانوں کی پوشیدہ صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لیے وقف کر دی۔ انہیں زندگی میں بہت سے انعامات اور اعزازی ڈگریوں سے نوازا گیا۔ انہوں نے آکسفورڈ میں مستقل رہائش اختیار کر لی تھی۔ ان کا انتقال 21 نومبر 1996ء کو 70 سال کی عمر میں آکسفورڈ میں ہوا۔

ذیل میں ہم ان کی مشہور کتاب Ideals and Realities کے اردو ترجمے ''خواب اور حقیقت'' سے کچھ اقتباسات پیش کر رہے ہیں۔ اس ترجمے کے مرتبین پروفیسر زاہد حسین زیدی اور اقبال احمد خان ہیں جو جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی میں شعبہ طبیعیات کے پروفیسر ہیں۔ یہ اقتباسات زیادہ تر تیسری دنیا پر سائنس اکیڈمی کے قیام کے موضوع پر دیئے گئے خطبات سے لئے گئے ہیں۔

اخراجات اور آمدنی کے اعتبار سے ہماری دنیا بے پناہ غیر متوازن ہوچکی ہے۔ دنیا کی تین چوتھائی آمدنی، تین چوتھائی لاگت، اس کی خدمات اور تقریباً دنیا کی تمام ریسرچ صرف ایک چوتھائی لوگوں کے قبضے میں ہے۔ وہ تنہا اس کے 78 فیصد معدنیات اور اتنے اسلحہ، جتنی باقی تین چوتھائی دنیا مل کر استعمال کرتی ہے، استعمال کر رہے ہیں۔ 1970ء میں دنیا کے امیر ترین ایک بلیئن لوگوں نے تین ہزار ڈالر فی آدمی کمایا جب کہ دنیا کے غریب ترین ایک بلیئن لوگ سو ڈالر فی کس سے زائد نہیں کما سکے اور سب سے خوفناک پہلو تو اس کا یہ ہے کہ اس معاملے میں قطعی کوئی بصیرت نہیں، اس کو کوئی طریقہ نظر نہیں آتا جس سے اس قدر زیادہ فرق کو دور کیا جا سکے۔

غریب ممالک کے عقب کے نفسیاتی راز کی تہہ میں پہنچنے کے لیے یہ بات سمجھنی ہوگی کہ غریب و امیر کے درمیان یہ فرق کس قدر جدید ہے۔ یاد کیجئے کہ اب سے تین سو سال پیشتر 1660ء کے آس پاس جدید تہذیب کی نمائندہ دو اہم یادگاریں مغرب کے لندن میں سینٹ پال چرچ اور مشرق کے آگرہ میں تاج محل تعمیر ہوئی تھیں۔ وہ دونوں فن تعمیر کی تکنیک، تقابلی امارت کا معیار اور نزاکتی تصنع جو دونوں تہذیب و تمدن میں تاریخ کے اس دور میں تھا، اتنی اچھی طرح اپنی زبان میں بیان کرتی ہیں کہ اس کو انسانی الفاظ ادا کرنے سے قاصر ہیں۔

لیکن تقریباً اسی دور میں صرف مغرب میں ایک تیسری یادگار قائم ہوئی جو انسانیت کے لیے شدنی درآمد کے طور پر اور بھی عظیم تھی اور یہ نیوٹن کے اصول تھے جو 1687ء میں شائع ہوئے تھے۔ نیوٹن کے اس کارنامے کا مغلیہ ہندوستان میں کوئی ثانی نہیں تھا۔ میں اس ٹیکنالوجی کا جس سے تاج محل تعمیر ہوا تھا وہ حال بتانا چاہوں گا جو اس وقت ہوا جب وہ نیوٹن کے اصولوں سے تاویل کردہ تکنیک اور تہذیب سے ہمکنار ہوئی۔

اس کا پہلا اثر 1757ء میں ظاہر ہوا۔ تاج محل کی تعمیر کے تقریباً سو برس بعد شاہ جہاں کے جانشین کو کلائیو کی مختصر فوج کے بہترین آتشیں اسلحہ کی قوت نے ذلت آمیز شکست دی۔ سو برس بعد ہی 1857ء میں آخری مغل تاجدار کو ملکہ وکٹوریہ کے حق میں دہلی کی سلطنت سے دست بردار ہونا پڑا۔ اس کے ساتھ نہ صرف یہ کہ ایک سلطنت ختم ہوئی بلکہ ٹیکنالوجی اور تہذیب و تمدن کی ایک مکمل روایت دفن ہوگئی۔ 1857ء تک ہی انگریزی نے فارسی کی جگہ لے لی۔

مدارس کے نصاب میں حافظ اور عمر خیام کے محبت کے نغمات کی جگہ شیکسپیئر اور ملٹن کو دے دی گئی۔ اویسنہ کی ادویات کو فراموش کر دیا گیا، ڈھاکہ کی ململ کے فن کو تباہ کر کے لنکا شائر کے کاٹن پرنٹ کے لئے راہ ہموار کر دی گئی۔

ہندوستان کی تاریخ کے آئندہ سو سال اور بھی زیادہ چالاکی کے ساتھ فیاضیانہ ناجائز انتفاع کی مکمل سرگذشت پیش کرتے ہیں۔

تعلیمی نظام کا اولین کام شخصی کردار کو ڈھالنا تصور کیا جاتا ہے۔ کردار کی جو بنیاد کالج میں بنتی ہے وہ زندگی بھر شاید ہی بدلتی ہے۔ لیکن میں شخصی کردار کے بارے میں عرض نہیں کروں گا۔ میرا رخ ہمارے تعلیمی نظام کے قومی پہلوؤں کی طرف ہے۔ دو سو سال کی غلامی کے بعد پاک پروردگار نے ہمیں آزادی عطا فرمائی تھی۔ اس بات کو اب تقریباً چالیس سال گزر چکے ہیں لیکن اس طویل عرصہ میں ہم اپنے اندر احساس یگانگت، احساس اخوت اور احساس قومیت پیدا نہ کر سکے۔

آزادی کے بعد ہمارے تعلیمی نظام کا اولین فرض یہ ہونا چاہئے تھا کہ ہماری یگانگت اور قومیت کے احساس کو پختگی دیتا۔ یگانگت اور قومیت کا تصور مختلف زبانوں میں بدلتا چلا آیا ہے۔ آج کے تصور کے لحاظ سے دنیا کے کئی ملکوں اور قوموں کی مثالیں ملتی ہیں جن کا استحکام محض ان کے تعلیمی نظام کا مرہون منت ہے۔ مثال کے طور پر امریکہ کا حال لیجئے۔ امریکہ کے یونائیٹڈ سٹیٹس میں انگریزی، جرمن، اٹالین، سویڈش، فرانسیسی سب قبیلوں کے لوگ بستے ہیں۔ میں ان لوگوں کو قبیلوں کا نام دے رہا ہوں۔ یہی وہ لوگ ہیں جو یورپ میں اپنی علاحدہ قومیت کے لیے دو عظیم جنگوں میں جانیں دے چکے ہیں۔ ان کی زبانیں امریکہ آنے سے پہلے مختلف تھیں۔ مذہب مختلف تھے اور اب بھی مختلف ہیں، لیکن امریکہ کے تعلیمی نظام نے جیسے ایک Crucible میں پگھلا کر ان قبیلوں کو ایک واحد قومیت میں منسلک کر دیا ہے۔ سکولوں میں ہر بچے کو امریکن کانسٹی ٹیوشن حفظ کرائی جاتی ہے۔ امریکن ہیرو اس کے زبان زد ہوتے ہیں۔ دن رات وہ امریکن ترانے سناتا ہے۔ ادب لکھنے والے، شاعر، افسانہ نویس اس طرز سے لکھتے ہیں کہ امریکہ کے شہری کو نہ صرف اپنے شہر سے محبت کا درس دیا جاتا ہے، وہ اپنے آپ کو امریکہ کے ہزاروں شہروں کا شہری سمجھتا ہے۔ دور افتادہ یورپ کی گلیوں سے جہاں سے وہ یا اس کے آبا و اجداد آئے تھے اسے مناسبت نہیں رہتی۔ اسے اپنے اس خطے سے مناسبت ہوتی ہے جس سے اس کا کھانا، اس کا پینا، اس کا روزگار اور اس کا ہر وسیلہ متعلق ہے۔ وہ اس خطے کو بڑھانے اور چمکانے کے لیے کوشاں رہتا ہے اور یہ سب کچھ سکولوں، کالجوں، اخبارات، رسائل اور ٹی وی کے ذریعہ ہوتا ہے۔ ضرورت ہے کہ ہمارا نظام تعلیم یگانگت کے احساس کو Consciously اُجاگر کرے۔

میری دوسری گذارش ٹیکنالوجی اور سائنس کی تعلیم کے بارے میں ہے، ہندوستان اور پاکستان اقتصادی طور پر پس ماندہ ہیں۔ یہاں ایک فرد کی اوسط آمدنی 70 ڈالر کے قریب بنتی ہے۔ ایک امریکن ہماری نسبت بچاس گنا زیادہ کماتا ہے۔ انگلستان کے ایک فرد کی اوسط آمدنی ہم سے بیس گنا زیادہ ہے۔ جاپان کی پندرہ گنا زیادہ، ایران کی آٹھ گنا زیادہ، ترکی کی آٹھ گنا زیادہ، عراق، الجیریا، شام، مصر کی فی کس آمدنی ہم سے چھ گنا زیادہ ہے۔ ہم قومی طور پر اس قدر غریب کیوں ہیں؟ مان لیا کہ ہماری بہت سی قومی دولت انگلستان والوں نے دہلی، پنجاب اور سندھ پر سوسالہ حکومت کے زمانے میں لوٹ لی۔ مان لیا کہ امریکہ خوش قسمت ہے۔ امریکہ والوں کو قدرتی اور معدنی وسائل سے بھرپور ایک خالی خطۂ زمین مل گیا لیکن پوچھنے والا ہم سے سوال کر سکتا ہے کہ ہم انگریزوں کے غلام کیسے بنے۔ اگر انگریز فن جہاز رانی سے واقف تھا اور ہم نہیں تھے تو یہ فن اسے کس نے سکھایا۔ اگر کلائیو کی Flint Lock رائفلوں، بندوقوں اور توپوں کی ساخت اتنی اعلیٰ تھی کہ سراج الدولہ کی فلیتہ سوز Match Locks ان کا مقابلہ کرنے سے قاصر تھیں تو بندوق سازی کا یہ فن کس نے انگریز کو ودیعت کیا۔ کیا یہ فن اس قوم نے ایجاد نہیں کیا تھا؟ یہ فن ایجاد کرنے کے بعد تعلیم کے ذریعے سے انگریز نے خود ہی اسے اپنی قوم میں فروغ نہیں دیا؟

پانی پت کے میدان میں بابر کی فتح بابر کے رومی توپ خانے کی مرہون منت تھی۔ رومی ترک تو اس فن میں 1526ء کے بعد بھی مزید تحقیق کرتے رہے لیکن بدقسمتی سے بابر کی اولاد کو توفیق نہ ہوئی کہ توپ سازی کے فن میں ترقی کے لیے باقاعدہ تجربہ گاہ بناتے۔ آپ قسطنطنیہ میں تشریف لے جائیں، رومی ترک کا مسجد کا تصور اپنے زمانے میں یہ تھا کہ ہر شاہی جامعہ کے ایک طرف ہسپتال بنے گا دوسری طرف مدرسہ۔ یہ مدرسہ صرف دینی درسگاہ ہی نہیں ہوگا، اس میں توپ سازی کے تجربے بھی ہوں گے۔ بدقسمتی سے جو ترک پاکستان اور ہندوستان آئے، علم سے ان کی رغبت نسبتاً کم تھی۔ وہ اپنی یادگاریں مزار اور مقبرے تو چھوڑ گئے، مدرسے اور تجربہ گاہیں نہیں۔

اگر خدا کی ذات نے امریکن پر رزق کھولا اور

اسے ایک نئے Continent سے نوازا تو کیا یہ اس کے اس عزم کا بدلہ نہ تھا جس نے اسے بے کنار سمندروں میں نئے Continents کی دریافت میں طوفانوں سے لڑوایا۔ اگر آج جاپان نے اپنی Industry کی دھاک ساری دنیا میں بٹھا دی ہے تو اس میں جاپانی نظام کا کتنا حصہ ہے۔ خدا کے فرشتے جاپانیوں کو Technology کی تعلیم دینے کے لیے نازل نہیں ہوتے۔ ایک زمانہ تھا کہ جاپان کا مال دنیا کی منڈیوں میں ناکارہ شمار کیا جاتا تھا۔ اب ٹیکنیکل لحاظ سے سب سے زیادہ اسی کی ساکھ ہے۔ British Leyland نے Minimorris کار تیار کی۔ جاپان والوں نے وہی کاریں بنائی ہیں۔ بجائے 1000 C.C کے جاپانی C.C 6000 کے آدھے سائز کے انجن سے وہی پاور پیدا کرتا ہے۔ یہ کس طرح ہوتا ہے؟ بیس سال ہوئے امریکہ کے پروفیسر Townes نے ٹرانزسٹر ایجاد کیا۔ انہیں اس دریافت پر نوبیل پرائز ملا۔ ان کا PATENT توڑنے کے لیے ٹوکیو کی یونیورسٹیوں میں کوششیں شروع ہوئی اور اس قدر کامیاب ہوئیں کہ اس وقت سے الیکٹرونکس میں جاپانی بادشاہ ہیں۔ نہ صرف انہوں نے وہ ایجاد دوبارہ دریافت کی بلکہ انہوں نے اس کا نسخہ رسالہ عام میں شائع کر دیا تا کہ جو چاہے ہندوستانی ہو، پاکستانی ہو، عرب ہو، ایرانی ہو، ٹرانزسٹر ٹیکنالوجی کو Develop کرسکتا ہے۔

یہ علم کے رستم جاپانی کون ہیں۔ آپ یقین نہ کریں گے یہ وہی لوگ ہیں جو انیسویں صدی کے اوائل میں گھوڑوں کی نعل بندی کے فن سے نا آشنا تھے۔ ایڈمرل Perry (امریکن ایڈمرل) جب پچھلی صدی میں اپنے جنگی جہاز جاپان لے کر آئے اور جاپانیوں نے انہیں روکنا چاہا تو جہاز کی توپوں کی چند باڑوں نے جاپان والوں کو اپنی بندر گاہیں کھولنے پر مجبور کر دیا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ امریکن ایڈمرل کے جہاز سے ایک چوری ہوئی، وہ ایک گھوڑے کی چوری تھی۔ رات کے وقت گھوڑا غائب ہو گیا اور دوسرے دن اسے واپس کر دیا گیا۔ جاپانی اس کے نعل غور سے دیکھنے اور نعل بندی سیکھنے کے مشتاق تھے۔ اس وقت ان کی Metallurgy اس حد تک نہ پہنچی تھی کہ وہ لوہے کے نعل بناتے۔

آج کیفیت یہ ہے کہ جاپان میں میٹرک کے امتحان کا موسم خودکشی کا موسم کہلاتا ہے۔ اس امتحان کے نتائج پر آئندہ داخلے ہوتے ہیں۔ لیکن اس کا معیار اس قدر بلند ہوتا ہے کہ اس عمر کے بچے دنیا کے کسی اور ملک میں ریاضیات، فزکس، اور کیمسٹری میں اس سے اعلیٰ سطح پر امتحان نہیں دیتے۔ ان امتحانوں کے دوران پرچوں کے راز افشا نہیں ہوتے۔ اسٹرائک نہیں ہوتیں، امتحان کے سینٹروں کے دروازے اور شیشے نہیں توڑے جاتے، ساری قوم، سب والدین، طالب علم Examination Fever کا شکار ہوتے ہیں اور پھر یہ لوگ ان امتحانوں کے نتائج کو اپنے مخصوص طرز پر قبول کرتے ہیں......

مجھے جرمنی کا ایک واقعہ نہیں بھولتا۔ 1947ء کی بات ہے، میں کیمبرج میں طالب علم تھا۔ جرمنی شکست کھا چکا تھا، جرمن قوم سرنگوں تھی۔ کیمبرج اور دیگر یونیورسٹیوں کے طلبہ کی ایک پارٹی کو امریکن کنٹرول کمیشن والوں نے جرمنوں کی حالت دیکھنے کے لیے دعوت دی۔ تقریباً پانچ سو کے قریب طالب علم سارے یورپ سے میونخ پہنچے۔ اس شہر میں ایک عمارت بھی نہیں تھی جو صحیح وسالم ہو۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ جرمن مکانوں میں نہیں بلوں میں رہ رہے ہیں۔

ہمارے لیے شہر کے ایک پارک میں خیمے لگائے گئے۔ ان خیموں کے شہر میں میں نے سنا کہ ایک جرمن میری تلاش کر رہا ہے۔ معلوم یہ ہوا کہ وہ ایک ریسرچ سکالر ہے۔ اس وقت کے لحاظ سے اسے شاید پچیس روپے ماہوار ملتے تھے۔ اس مشاہرے سے شاید وہ ایک وقت کی روٹی کھا سکتا تھا۔ ہڈیوں کا ایک ڈھانچہ، جنگ کے دنوں میں وہ ایک جنگی قیدیوں کے کیمپ میں ملازم تھا جہاں بعض پنجابی قیدی بھی تھے۔ ان پنجابی قیدیوں سے اس نے پنجابی زبان کی تحصیل کی۔ 1947ء میں یہ جرمن ایک پنجابی جرمن ڈکشنری کی تالیف کر رہا تھا۔ پنجابی زبان میں اس کا کل سرمایہ ہیر وارث شاہ کی ایک کاپی اور ایک لاہور سے چھپی ہوئی اور انتہائی خستہ حالت میں پھٹی ہوئی دلا بھٹّی کی کاپی تھی۔ یہ سن کر کہ شہر میں ایک پنجابی وارد ہے، وہ جرمن میری تلاش کر رہا تھا کہ دلا بھٹّی میں سے بعض مشکل مقامات میں اسے سمجھا دوں۔ اس کی بدقسمتی سے یہ مقامات میرے لیے بھی بہت مشکل تھے اور بے چارے کی یہ خواہش تشنہ تکمیل رہ گئی۔

اس واقعہ پر غور فرمائیے۔ مجھے معلوم نہیں وہ ڈکشنری شائع ہوئی یا نہیں۔ اگر شائع ہوئی بھی تو اسے کتنے لوگ استعمال کرتے ہیں۔ لیکن یہ ایک علم دوست قوم کی کہانی ہے۔ ایسی قوم جس کا سارا اثاثہ علم ہے۔ سائنس کا علم، ٹیکنالوجی کا علم، زبانوں کا علم اور پھر ایسی قوم جس کے افراد میں یہ عزم ہے کہ جرمن پنجابی ڈکشنری کا لکھنا بے معنی ہی سہی لیکن اپنا وقت تاش کھیلنے میں نہیں گزاریں گے، اسٹرائک نہیں کریں گے، فلمیں نہیں دیکھیں گے، اپنی یونیورسٹیوں کے وقت کو کھیل کا وقت نہیں سمجھیں گے، علم سیکھیں گے اور علم پیدا کریں گے، شاید اس میں ہمارے لیے بھی سبق ہو سکتا ہے۔

اسی سلسلے میں ایک کہانی دہرانا چاہتا ہوں۔ یہ داستاں چیئرمین ماؤ نے بیان کی تھی اور اسے آپ ہر چینی کی زبان سے سنیں گے۔

’’پرانے زمانے میں چین کے شمال میں ایک بوڑھا رہتا تھا۔ اس کا نام ’’پیر کم عقل‘‘ تھا۔ اس بوڑھے کے مکان کی سمت جنوب کی طرف تھی، لیکن اس کے دروازے کے سامنے ’’نے بانگ اور وانگ دو‘‘ کے دو عظیم پہاڑ کھڑے تھے جن کی وجہ سے سورج کی کرنیں اس کے گھر میں کبھی نہ پہنچی تھیں۔ ایک دن اس بوڑھے نے اپنے جوان بیٹوں کو بلایا اور انہیں کہا کہ آؤ ہم اس پہاڑ کو کھود کر دور کر دیں۔ اس کے ہمسائے نے جن کا نام ’’پیر دانشور‘‘ تھا، اس بے عقل بوڑھے سے کہا۔ میاں مجھے معلوم تھا کہ تم بے وقوف ہو لیکن اتنا گمان نہ تھا کہ اس قدر کم عقل ہو گے۔ تم کھودنے سے کس طرح ان دونوں پہاڑوں کو رفع کر سکو گے۔ بے عقل بوڑھا بولا تمہارا کہنا درست ہے، لیکن اگر میں مر گیا تو اس کے بعد میرے بیٹے ہیں، ان کے مرنے کے بعد ان کے بیٹے، ان کے مرنے کے بعد ان کے بیٹے۔ یہ سلسلہ ہمیشہ رہے گا۔ پہاڑ اور زیادہ طویل نہیں ہوں گے۔ ہر کھودنے کے ساتھ ان کی طوالت کم ہی ہو گی، بڑھے گی نہیں۔ ایک دن یہ لعنت ہمارے دروازے سے دور ہو ہی جائے گی۔

پیر کم عقل کی یہ بات سن کر پاک ذات کو ترس آیا۔ دو فرشتے آئے اور انہوں نے ان دونوں پہاڑوں کی لعنت کو دور کر دیا۔

میری عرض یہی ہے کہ سوسائٹی کی لعنتیں ان دو پہاڑوں کی مانند ہیں۔ انہیں اپنے حلقہ اثر میں صبر و تحمل کے ساتھ دور کرنے میں کوشاں ہو جائیے۔ اللہ تعالیٰ کی پاک ذات کو آپ کی کوششوں پر بھی ترس آئے گا۔

یہ فکر نہ کیجئے کہ آپ کی کوشش کامیاب ہو گی یا نہیں۔ آپ اپنا فرض ادا کیجئے۔ خداوند تعالیٰ کی ذات پاک ان میں برکتیں ڈالے گی۔

(ستمبر 1975ء میں سویڈن میں دیئے گئے خطبے سے اقتباس)

’’آخر اتنا گڑگڑا کر مجھے یہ التجا کرنے کی کیا ضرورت ہے کہ لوگ سائنسی تخلیق کی طرف متوجہ ہوں، اس کی وجہ صرف یہی نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہم میں جاننے کی صلاحیت پیدا کی ہے یا آج کی دنیا میں طاقت صرف علم ہی کے ذریعہ حاصل کی جاسکتی ہے یا بغیر سائنس کے کوئی مادی ترقی نہیں ہوسکتی۔ بلکہ بہت بڑی وجہ حقارت کے وہ تازیانے ہیں جو اہل علم ہم پر برساتے رہتے ہیں۔ چاہے زبان سے وہ کچھ نہ کہیں۔

فزکس کے ایک نوبیل انعام یافتہ عالم کے الفاظ اب تک میرے کانوں میں گونج رہے ہیں۔

’’سلام! کیا تم واقعی سمجھتے ہو کہ ہمیں ایسی قوم کی خبر گیری اور مدد کرنا چاہئے یا ان کے زندہ رہنے کے لیے غذا کا انتظام کرنا چاہئے جنہوں نے انسانی علم کو ذرہ برابر آگے نہیں بڑھایا؟‘‘ اور اگر انہوں نے یہ نہ بھی کہا ہوتا تب بھی میرا سر شرم سے اس وقت جھک جاتا ہے جب میں کسی ہسپتال میں یہ دیکھتا ہوں کہ وہاں جان بچانے کے لیے جتنی دوائیں استعمال ہو رہی ہیں چاہے وہ پنسلین ہو یا کوئی اور دوا، اس کے دریافت کرنے اور بنانے میں ہم لوگوں کا کوئی حصہ نہیں ہے۔‘‘

(مرسلہ: محمد سمیع طاہر صاحب)

حضرت سید حبیب الرحمٰن صاحب آف بریلی رفیق حضرت مسیح موعود

حضرت سید عزیز الرحمٰن صاحب سلسلہ احمدیہ کے ایک دیرینہ اور مخلص خادم تھے اور بریلی میں سب سے پہلے 1897ء میں قبول احمدیت کی توفیق پائی۔ آپ حضرت قاضی عبداللہ بھٹی صاحب یکے از 313 اور حضرت مولانا عبدالرحیم نیر صاحب کے سسر تھے۔ حضرت سید عزیز الرحمٰن صاحب کے والد حضرت سید حبیب الرحمٰن صاحب پہلے تو احمدیت کے سخت مخالف تھے لیکن بعد میں بیعت کر کے حضور کے زمرۂ رفقاء میں شامل ہوئے۔ حضرت سید عزیز الرحمٰن صاحب فرماتے ہیں:

1897ء کے اخیر میں میں نے بیعت کی۔ میں ان دنوں کپورتھلہ میں تھا اس لیے کپورتھلہ کی جماعت میں میرا نام درج ہے۔ بیعت کے بعد 1901ء میں بریلی گیا جو میرا اصل وطن ہے وہاں میرے والد نے میری سخت مخالفت کی حتیٰ کہ انھوں نے مجھے عاق کر دیا، احمدیوں نے مجھے بہت تسلی دی اور مبارک باد بھی دی اور کہا کہ کوئی خوف کی بات نہیں مگر میرے دل میں ایک گھبراہٹ تھی میں حضرت مسیح موعود کی خدمت میں حاضر ہوا، حضور اس وقت ٹہلتے جاتے تھے اور ساتھ ہی لکھتے جاتے تھے.... مجھے حضور نے فرمایا بیٹھ جاؤ! وہاں کئی پلنگ رکھے تھے میں ایک پلنگ پر سرہانے کی طرف بیٹھ گیا اور حضور پائینتی کی طرف آکر بیٹھ گئے، میں اٹھنے لگا تو حضور نے فرمایا وہیں بیٹھے رہو تب میں بیٹھ گیا اور میں نے عرض کی کہ حضور میرے والد نے مجھے عاق کر دیا ہے اور حضور کو بھی سخت سست کہتے ہیں۔ آپ نے فرمایا

وہ مجھے جو کچھ بھی کہتے ہیں کہیں مگر تم پر ان کی تابعداری فرض ہے۔

میں یہ سُن کر بہت ڈرا اور اپنے والد صاحب سے جاکر صلح کر لی۔ اس کے بعد وہ اپنے پوتے محمد عبداللہ کی پیدائش کی خوشی میں کپورتھلہ آئے تو میں نے ان کے دائیں بائیں حضور کی کتابیں رکھ دیں اور اُن کو مخالفین کی صحبت سے بچایا۔ ایک دن صبح کو وہ فرمانے لگے کہ میں قادیان کو جاتا ہوں میں نے کہا کہ مجھے تنخواہ مل جائے تو آپ جائیں، فرمانے لگے میری جیب میں ایک دونی ہے میں اسی سے سفر کر لوں گا کیونکہ میں نے گناہ کیا ہے۔ چنانچہ آپ کپورتھلہ سے قادیان تک پیدل ہی آئے اور بیعت کر کے پیدل ہی گئے۔ جب ان کا انتقال ہوا تو حضرت مسیح موعود نے ان کا جنازہ غائب بیت اقصیٰ میں پڑھایا۔

(الحکم 14 دسمبر 1934ء صفحہ 3)

الحکم 24 جولائی 1901ء صفحہ 15 پر بیعت کنندگان کی فہرست میں آپ کا نام حبیب الرحمٰن صاحب بریلی شامل ہے۔ آپ نے مئی 1906ء میں وفات پائی، اخبار بدر نے اعلان وفات دیتے ہوئے لکھا:

’’منشی عزیز الرحمٰن صاحب کے والد فوت ہو گئے ہیں احباب ان کی مغفرت کے لیے غائبانہ نماز جنازہ ادا کریں، منشی عزیز الرحمٰن صاحب ایک بڑے جوشیلے احمدی ہیں۔‘‘ (بدر 10 مئی 1906ء صفحہ 5 کالم 3)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جا رہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 76192 میں کاشف جمیل

ولد محمد عارف جاوید قوم ڈھلوں پیشہ طالب علم عمر 16 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن امیر پارک گوجرانوالہ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 07-9-2 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/150 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ کاشف جمیل۔ گواہ شد نمبر 1 حکیم عبدالقدیر انجم ولد بشیر احمد۔ گواہ شد نمبر 2 مرزا نذیر احمد ولد محمد عبداللہ

مسل نمبر 76193 میں سعدیہ قدیر

بنت عبدالقدیر قوم بھٹی راجپوت پیشہ طالب علم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن امیر پارک گوجرانوالہ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 07-6-17 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی ٹاپس 2 ماشہ مالیتی اندازاً-/3000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/150 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ سعدیہ قدیر۔ گواہ شد نمبر 1 حکیم عبدالقدیر انجم ولد صوفی بشیر احمد۔ گواہ شد نمبر 2 رشید احمد ولد فیض احمد

مسل نمبر 76194 میں سمیرا خاتون

بنت محمد شفیع قوم راجپوت کلوترہ پیشہ طالب علم عمر 21 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن امیر پارک گوجرانوالہ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 07-9-15 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور ڈیڑھ تولہ مالیتی اندازاً-/21600 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/100 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ سمیرا خاتون۔ گواہ شد نمبر 1 اکرام اللہ بھٹی مربی سلسلہ وصیت نمبر 27313۔ گواہ شد نمبر 2 محمد شفیع والد موصیہ

مسل نمبر 76195 میں حافظ ایاز احمد ناصر

ولد قاضی امتیاز احمد ناصر قوم ...... پیشہ طالب علم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن لالہ زار کالونی گوجرانوالہ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 07-09-01 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/150 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ حافظ ایاز احمد ناصر۔ گواہ شد نمبر 1 حکیم عبدالقدیر انجم ولد بشیر احمد۔ گواہ شد نمبر 2 قاضی امتیاز احمد والد موصی

مسل نمبر 76196 میں محمد سجاد

